Ibrahim Fibres Limited

# Notice of Annual General Meeting

Notice is hereby given that the 34th Annual General Meeting of the shareholders of the Company will be held on October 22, 2020 at 11:00 A.M. through tele / video conferencing from 1- Ahmed Block, New Garden Town, Lahore to transact the following business:

**Ordinary Business**

1. To confirm the minutes of the preceding meeting of the shareholders of the Company.
2. To consider and approve the annual audited financial statements of the Company for the year ended June 30, 2020 together with directors' and auditor's reports thereon.
3. To appoint Auditors for the year 2020 - 2021 and fix their remuneration. The present auditors M/s Deloitte Yousuf Adil, Chartered Accountants have retired and offered themselves for re - appointment as External Auditors of the Company for the year 2020 - 2021.
4. To transact any other business with the permission of the chair.

By order of the Board

Lahore
September 14, 2020

**Muhammad Labeeb Subhani**
Company Secretary

**Notes**

i. The share transfer books of the Company shall remain closed from October 15, 2020 to October 22, 2020 (both days inclusive) to determine the names of members entitled to attend the Meeting. Transfers received in order at M/s CDC Share Registrar Services Limited, CDC House, 99 - B, Block - B, S.M.C.H.S., Main Shahrah-e-Faisal, Karachi, the Registrar's and Shares Registration Office of the Company, at the close of business on October 14, 2020 will be treated in time.

ii. In view of the prevailing situation due to pandemic COVID-19 and in line with the direction issued to listed companies by Securities and Exchange Commission of Pakistan, vide its Circular No. 5 of 2020 dated 17 March, 2020 and Circular No. 25 of 2020 dated 31 August, 2020, the Company has decided to hold its AGM through electronic means. The arrangements for the 34th AGM will be as under:

a. AGM will be held through Zoom application – a video link facility.

b. Shareholders interested to participate in the AGM through Zoom are requested to get themselves registered with the Company upto October 21, 2020 at 03:00 P.M. by providing their following particulars at labeeb.subhani@igc.com.pk or WhatsApp No. +923077771242

- Name of shareholder
- CNIC Number (please attach snapshot of both sides of valid CNIC)
- Folio / CDS Number
- Cell Number
- e-mail address

c. On receipt of request, the link / credentials to join through tele / video conferencing shall be sent to the interested Shareholders on their e-mail addresses or through WhatsApp messages. Shareholders will be able to login and participate in the AGM proceedings through their devices after completing all the formalities required for the identification and verification of the shareholders.

d. Shareholders may send their comments and suggestions relating to the agenda items of the AGM to the Company Secretary atleast two working days before the AGM, at the above given e-mail address or WhatsApp No. Shareholders are required to provide their full name, CNIC No. and Folio / CDS No. for this purpose.

iii. A member entitled to attend and vote at the Meeting may appoint another member as his / her proxy to attend and vote for him / her. Proxies must be received at the Registered Office of the Company not less than 48 hours before the time of holding the Meeting.

iv. Members are requested to notify immediately changes, if any, in their registered address.

v. CDC Account Holders will further have to follow the under mentioned guidelines as laid down by the Securities and Exchange Commission of Pakistan.

**For Attending The Meeting:**

i. In case of individuals, the account holder or sub - account holder and / or the person whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per the Regulations, shall authenticate his / her identity by showing his / her original Computerised National Identity Card (CNIC) or original passport at the time of attending the Meeting.

ii. In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution / power of attorney with specimen signature of the nominee shall be produced (unless it has been provided earlier) at the time of the Meeting.

**For Appointing Proxies:**

i. In case of individuals, the account holder or sub - account holder and / or the person whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per the Regulations, shall submit the proxy form as per the above requirement.

ii. The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form.

iii. Attested copies of CNIC or the passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished with the proxy form.

iv. The proxy shall produce his / her original CNIC or original passport at the time of the Meeting.

v. In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution / power of attorney with specimen signature shall be submitted (unless it has been provided earlier) along with proxy form to the Company.

**Circulation Of Annual Audited Accounts via CD/USB/DVD**

Pursuant to the directions given by the Securities & Exchange Commission of Pakistan through SRO 470 (1) / 2016 dated May 31, 2016 that has allowed the companies to circulate its Annual Audited Accounts to its members through CD / USB / DVD at their registered Addresses.

Shareholders who wish to receive the hard copy of Financial Statements shall have to fill the standard request form, which is available on the Company's website (www.igcpk.com) and send to the Company at its registered address.

**Request To Shareholders:**

Pursuant to Section 242 of the Companies Act, 2017, all listed companies must pay cash dividend through electronic mode directly into the bank account designated by the entitled shareholders instead of issuing physical dividend warrants.

In order to receive dividends directly into their bank account, shareholders are requested to fill in Electronic Credit Mandate Form available on Company's website and send it duly signed along with a copy of CNIC to the Registrar of the Company M/s CDC Share Registrar Services Limited, CDC House, 99 - B, Block - B, S.M.C.H.S., Main Shahrah-e-Faisal, Karachi, in case of physical shares.

In case shares are held in CDC then Electronic Credit Mandate Form must be submitted directly to shareholder's broker / participant / CDC account services.

**New Tax Implementation On Dividends**

Pursuant to the provisions of the Finance Act 2019 effective from July 01, 2019, the rates of the tax deduction on dividend payments under section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001 have been revised as follows:

1. For persons appearing in the active taxpayers' list - 15%
2. For persons not appearing in the active taxpayers' list - 30%

To enable the Company to make tax deduction on the amount of cash dividend @ 15% instead of 30%, shareholders are advised to make sure that their names are entered in the Active Taxpayers' List (ATL) provided on the website of FBR before the first day of book closure, otherwise tax on their cash dividend will be deducted @ 30% instead of 15%.

**Taxation For Joint Shareholders**

The FBR has clarified that where the shares are held in joint accounts / names, each account / joint holder will be treated individually as either a person appearing in the active taxpayers' list or a person not appearing in the active taxpayers' list and tax will be deducted according to his / her status on active taxpayers' list vis-à-vis shareholding position. The shareholders, who are having joint shareholding status, are requested to kindly intimate their shareholding proportions to the Shares Registrar of the Company, M/s CDC Share Registrar Services Limited, latest by October 14, 2020, in the following format:

| Folio/CDC A/c No. | Name of Shareholders (Principal/Joint Holders) | No. of Shares or percentage (Proportion) | CNIC No. | Signature |
|---|---|---|---|---|

If the shareholding proportion is not advised or determined, each joint shareholder will be assumed to hold equal proportion of shares and deduction of withholding tax will be made accordingly.

**Requirement Of Valid Tax Exemption Certificate For Claiming Exemption From Withholding Tax.**

As per FBR Circulars C. No. 1 (29) WHT / 2006 dated June 30, 2010 and C. No.1 (43) DG (WHT) / 2008 - Vol. II – 66417 - R dated May 12, 2015, the valid exemption certificate is mandatory to claim exemption of withholding tax U/S 150 of the Income Tax Ordinance, 2001 (tax on dividend amount) where the statutory exemption under Clause 47B of Part - IV of Second Schedule is available. The shareholders who fall in the category mentioned in above clause and want to avail exemption U/S 150 of the Ordinance, must provide valid Tax Exemption Certificate to our Share Registrar before book closure, otherwise tax will be deducted on dividend as per applicable rates.

**Exemption From Deduction Of Zakat.**

Members desiring non-deduction of zakat are requested to submit a valid declaration for non-deduction of zakat.

**Unclaimed Dividends And Bonus Shares:**

Shareholders, who by any reason, could not claim their dividend or bonus shares or did not collect their physical shares are advised to contact our Share Registrar M/s CDC Share Registrar Services Limited, to collect / inquire about their unclaimed dividend or pending shares if any.

**Attendance Of Meeting By Video-link**

If Members holding ten (10) percent of the total paid up capital, reside in a city, such Members, may demand the Company to provide them the facility of video - link for attending the Meeting. The Company will arrange video conference facility in the city subject to availability of such facility in that city.

If you wish to take benefit of this facility, please fill the form appearing below and submit it to the Company at its registered address at least seven (7) days prior to the date of the Meeting:

I/We, ______________________ of ______________________, being a member of Ibrahim Fibres Limited, holder of ____________ ordinary share(s) as per Registered Folio/CDC Account No. ____________ hereby opt for video link facility at ____________.

______________
Signature of Member

The Company will intimate members regarding venue of video conference facility at least 5 days before the date of Annual General Meeting along with complete information necessary to enable them to access the facility.

Ibrahim Fibres Limited

# اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنی کے شیئر ہولڈرز کا چونتیسواں سالانہ اجلاسِ عام مورخہ 22 اکتوبر 2020 بوقت صبح 11:00 بجے ٹیلی/ ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے 1۔احمد بلاک، نیو گارڈن ٹاؤن، لاہور میں درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا۔

عمومی امور:

1۔ کمپنی کے شیئر ہولڈرز کے منعقدہ پچھلے اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق۔
2۔ 30 جون 2020ء کے ختم شدہ سال کے لئے کمپنی کی فنانشل سٹیٹمنٹس کی ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کے ساتھ غوروخوض اور منظوری۔
3۔ سال 21-2020ء کے لئے آڈیٹرز کی تقرری اور مشاہرے کا تعین۔ موجودہ آڈیٹرز میسرز ڈیلائٹ یوسف عادل، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ریٹائر ہوگئے ہیں اور انہوں نے اگلے سال 21-2020ء کے لئے کمپنی کے ایکسٹرنل آڈیٹرز کی حیثیت سے تقرری کے لئے اپنے آپ کو پیش کیا ہے۔
4۔ چیئرمین کی اجازت سے کسی دیگر امور پر غوروخوض۔

لاہور
14 ستمبر 2020ء

بحکم بورڈ
محمد لبیب سبحانی
کمپنی سیکریٹری

نوٹس:

1۔ کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس مورخہ 15 اکتوبر 2020 تا 22 اکتوبر 2020ء (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی تاکہ وہ اجلاس عام میں شرکت کرنے والے ممبران کا تعین کر سکے۔ کمپنی کے شیئرز رجسٹرار آفس میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99۔بی، بلاک بی، S.M.C.H.S، مین شاہراہِ فیصل، کراچی۔ 74400 پر 14 اکتوبر 2020ء تک دفتری اوقات میں موصول ہونے والی ٹرانسفرز بروقت تصور کی جائیں گی۔
2۔ وبائی مرض COVID-19 کی وجہ سے موجودہ صورتحال کے پیش نظر اور سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جاری کردہ ہدایات کے مطابق لسٹڈ کمپنیز کو بمطابق، سرکلر نمبر 5 مورخہ 17 مارچ، 2020 اور سرکلر نمبر 25 مورخہ 31 اگست، 2020، کمپنی نے الیکٹرانک طریقہ کار کے ذریعہ سالانہ اجلاس بلانے کا فیصلہ کیا ہے۔ لہذا چونتیسویں سالانہ اجلاس عام کے انتظامات اس طرح سے ہونگے:

الف) سالانہ اجلاس عام زوم ایپ ایک ویڈیو لنک سہولت کے ذریعے منعقد کیا جائے گا۔

ب) زوم ایپ کے ذریعے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے خواہشمند حصص داران سے درخواست ہے کہ وہ 21 اکتوبر 2020 سہ پہر تین بجے تک کمپنی کے پاس خود کو اس ای میل labeeb.subhani@igc.com.pk پر یا واٹس ایپ نمبر +923077771242 پر درج ذیل تفصیلات فراہم کر کے درج کروائیں:

- حصہ دار کا نام
- کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر (برائے مہربانی درست CNIC کے دونوں اطراف کی تصویر منسلک کریں)
- فولیو/ سی ڈی ایس نمبر
- موبائل نمبر
- ای میل ایڈریس

پ) درخواست موصول ہونے پر، تمام موصول شدہ درخواست گزاروں کو ٹیلی/ ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے شامل ہونے کے لئے لنک اُن کے فراہم کردہ ای میل ایڈریس/ واٹس ایپ نمبر پر بذریعہ ایس ایم ایس (پیغام) فراہم کردیا جائے گا۔ سالانہ اجلاس عام کی کاروائی میں حصہ لینے والے حصص داران اپنی شناخت اور توثیق کے لئے درکار تمام معلومات فراہم کرنے کے بعد کمپنی کی طرف سے فراہم کردہ لنک کو کلک کر کے اپنے پاس موجود کسی بھی ڈیوائس کے ذریعے رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

ت) حصص داران سالانہ اجلاس عام کے ایجنڈا سے متعلق اپنے تاثرات اور تجاویز کمپنی سیکریٹری کو اپنے مکمل نام، پتے اور کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ نمبر، فولیو/ سی ڈی ایس نمبر کے ساتھ سالانہ اجلاس سے کم از کم دو کاروباری ایام قبل اوپر فراہم کردہ ای میل ایڈریس/ واٹس ایپ نمبر پر بھیج سکتے ہیں۔

3۔ جو ممبر اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حقدار ہو گا وہ اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لئے اپنے بجائے کسی دوسرے ممبر کو اپنی جگہ بحیثیت پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ پراکسی، کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل جمع کروانا لازمی ہے۔
4۔ شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ اپنے پتے میں کسی قسم کی کوئی بھی تبدیلی واقع ہونے کی صورت میں فوری طور پر مطلع کریں۔
5۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کے لئے لازمی ہے کہ وہ ذیل میں فراہم کی گئی سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی ہدایات کے مطابق عمل کریں۔

میٹنگ میں شرکت کے لئے:

1۔ ایسے حضرات/ اکاؤنٹ ہولڈرز، سب اکاؤنٹ ہولڈرز یا ایسے افراد جن کی سیکیورٹیز، گروپ اکاؤنٹس کی صورت میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات بہ لحاظِ ضوابط جمع ہیں کے لئے ضروری ہے کہ سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کے وقت اپنا اصلی کمپوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا پھر اپنا اصلی پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کروائیں۔
2۔ کارپوریٹ Entity کے لئے ضروری ہے کہ اجلاسِ عام میں شرکت کے وقت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی بمعہ نامزد کنندہ فرد کے دستخط کے نمونوں کے ہمراہ تشریف لائیں (اگر یہ دستاویزات پہلے فراہم نہیں کی گئی ہوں)۔

پراکسیز کی تقرری کے لئے:

1۔ ایسے حضرات/ اکاؤنٹ ہولڈرز، سب اکاؤنٹ ہولڈرز یا ایسے افراد جن کی سیکیورٹیز، گروپ اکاؤنٹس کی صورت میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات بہ لحاظِ ضوابط جمع ہیں کے لئے ضروری ہے کہ سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کے وقت بمطابق قواعد اپنا پراکسی فارم جمع کروائیں۔
2۔ پراکسی فارم پر 2 عدد گواہ ہونا لازمی ہیں جن کے نام، پتے اور کمپوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) نمبر فارم میں موجود ہونا ضروری ہیں۔
3۔ پراکسی فارم کے ساتھ اس سہولت سے مستفید ہونے والے ارکان اور پراکسی کے کمپوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول ساتھ منسلک ہونی چاہیں۔
4۔ پراکسی کے لئے لازمی ہے کہ اجلاس کے وقت شناخت کے لئے اپنا اصلی قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ اپنے ہمراہ لائے۔
5۔ کارپوریٹ Entity کے لئے ضروری ہے کہ سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کے وقت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی بمعہ نامزد کنندہ فرد کے دستخط کے نمونے پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی میں جمع کروائیں (اگر یہ دستاویزات پہلے فراہم نہیں کی گئی ہوں)۔

سی ڈی/ یو ایس بی/ ڈی وی ڈی کے ذریعے سالانہ آڈٹ کردہ اکاؤنٹس کی ترسیل

سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے مطابق 31 مئی 2016 کے SRO 470(1)/2016 کے مطابق کمپنیوں کو اپنے سالانہ آڈٹ شدہ حسابات اپنے حصہ داران کو سی ڈی/ یو ایس بی/ ڈی وی ڈی کی شکل میں اُنکے رجسٹرڈ پتہ پر ارسال کرنے کی اجازت دی ہے۔

شیئر ہولڈرز جو مالیاتی نتائج کی کاپی حاصل کرنا چاہتے ہیں وہ معیاری درخواست کے فارم کو پُر کریں (جو کہ کمپنی کی ویب سائٹ www.igcpk.com پر دستیاب ہے) اور کمپنی کے پتہ پر ارسال کریں۔

شیئر ہولڈرز سے درخواست:

کمپنیز ایکٹ 2017 کی زیر دفعہ 242 کے مطابق لسٹڈ کمپنیز کو شیئر ڈیوڈینڈ نقد کیش کی صورت میں ادا کرنے کی بجائے الیکٹرونک ادائیگی کو اپنانے کے لئے کہا ہے۔ اپنے بینک اکاؤنٹ میں براہِ راست فزیکل شیئرز پر منافع وصول کرنے کے لئے حصہ داران کمپنی کی ویب سائٹ پر الیکٹرونک کریڈٹ مینڈیٹ فارم پُر کرنے کے بعد دستخط کر کے قومی شناختی کارڈ کی نقل کے ساتھ کمپنی کے رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99۔بی، بلاک بی، .S.M.C.H.S، مین شاہراہِ فیصل، کراچی کے پتہ پر ارسال کردیں۔
اگر شیئرز سی ڈی سی کی صورت میں ہیں تو الیکٹرونک کریڈٹ مینڈیٹ فارم کو براہِ راست شیئر ہولڈرز بروکر/ شراکت/ سی ڈی سی اکاؤنٹ کی خدمت میں پیش کرنا لازمی ہے۔

ڈیوڈینڈ پر نئے ودہولڈنگ ٹیکس کا نفاذ:

فنانس ایکٹ 2019 کی تبدیلی جو کہ 01 جولائی 2019 سے نافذ العمل ہے کے مطابق ڈیوڈینڈ کی ادائیگی پر ٹیکس کی کٹوتی کی شرح انکم ٹیکس آرڈیننس کی دفعہ 150 کے تحت مندرجہ ذیل طریقے سے بدل دی گئی ہے۔

1۔ متحرک ٹیکس ادا کنندگان کی فہرست میں پائے جانے والے افراد کے لئے 15.0%۔
2۔ متحرک ٹیکس ادا کنندگان کی فہرست میں نہ پائے جانے والے افراد کے لئے 30.0%۔

کمپنی کو اس قابل بنانے کے لئے کہ ڈیوڈینڈ پر کٹوتی 30% شرح کی بجائے 15% شرح کی جائے، حصہ داران کو نصیحت کی جاتی ہے کہ وہ کمپنی کی کتاب کے بند ہونے کے پہلے دن سے پہلے پہلے اس بات کا یقین کر لیں کہ ان کے نام ایف بی آر کی ویب سائٹ پر دی گئی Active Taxpayer List (ATL) میں شامل ہوں، بصورت دیگر ان کے فائنل کیش ڈیوڈینڈ پر کٹوتی 15% کی بجائے 30% کی شرح سے کرلی جائے گی۔

مشترکہ شیئر ہولڈرز کی ٹیکسیشن:

ایف بی آر نے وضاحت کی ہے کہ جہاں شیئر مشترکہ اکاؤنٹ/ نام میں ہوں تو ہر ایک اکاؤنٹ ہولڈر/ مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈر انفرادی طور پر تصور کیا جائے گا کہ وہ متحرک ٹیکس ادا کنندگان کی فہرست میں ظاہر ہو رہا ہے یا متحرک ٹیکس ادا کنندگان کی فہرست میں ظاہر نہیں ہو رہا اور ٹیکس کی کٹوتی متحرک ٹیکس ادا کنندگان کی فہرست میں اس کی حیثیت اور شیئر ہولڈنگ کے مطابق کی جائے گی۔ ایسے شیئر ہولڈرز جو مشترکہ شیئر ہولڈنگ کی حیثیت رکھتے ہیں ان سے درخواست ہے کہ وہ اپنی مشترکہ شیئر ہولڈنگ کے حصے سے کمپنی کے رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو مندرجہ ذیل خاکہ کے مطابق 14 اکتوبر 2020ء سے قبل آگاہ کریں۔

| فولیو/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | شیئر ہولڈرز کا نام (پرنسپل/ جوائنٹ ہولڈرز) | شیئرز کی تعداد یا تناسب شرح | شناختی کارڈ نمبر | دستخط |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

اگر کسی مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈر نے اپنے حصے کے بارے میں بروقت آگاہ نہ کیا تو اکاؤنٹ میں موجود سب حصہ داروں سے ودہولڈنگ ٹیکس برابری کی بنیاد پر منہا کیا جائے گا۔

استثنیٰ سرٹیفکیٹ کی فراہمی:

ایف بی آر کے سرکلر C.No.1(29)WHT/2006 مورخہ 30 جون 2010 اور سرکلر C.No1(43)DG(WHT)/2008-Vol.II-66417 مورخہ 12 مئی 2015 کے مطابق انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 کے مطابق ودہولڈنگ ٹیکس کی چھوٹ کے لئے ایک کارآمد استثنیٰ سرٹیفکیٹ پیش کرنا لازمی ہے۔ یہ قانونی چھوٹ بمطابق second schedule part IV کی کلاز B-47 کے تحت ہے۔ جو شیئر ہولڈرز درج بالا قانونی شق کے مطابق انکم ٹیکس کے سیکشن 150 کے تحت ودہولڈنگ ٹیکس میں چھوٹ حاصل کرنا چاہتے ہیں وہ ہمارے شیئر رجسٹرار کے پاس بک کلوزنگ کی تاریخ سے پہلے کارآمد استثنیٰ سرٹیفکیٹ جمع کروادیں، دوسری صورت میں ان سے مقرر کردہ ریٹ کے مطابق ٹیکس منہا کیا جائے گا۔

زکوٰۃ کی کٹوتی پر چھوٹ:

زکوٰۃ کی کٹوتی نہ کروانے والے افراد کو ایک بیان حلفی (اس مد میں کہ اُن کی زکوٰۃ نہ کاٹی جائے) جمع کروانا ہوگا

واجب الوصول ڈیوڈینڈ اور بونس شیئرز:

حصہ داران جنہوں نے کسی بھی وجہ سے اپنا ڈیوڈینڈ یا بونس شیئرز کا مطالبہ نہیں کیا یا اپنے فزیکل شیئرز واپس نہیں لئے تو اُن سے درخواست ہے کہ ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ سے اپنے واجب الوصول ڈیوڈینڈ یا قابل ادا شیئرز کی معلومات یا حصول کے لئے رابطہ کریں۔

حاضری بذریعہ ویڈیو لنک:

اگر ممبران کمپنی کے کل ادا شدہ سرمایہ کا 10% (دس فیصد) ہوں اور ایک ہی شہر میں مقیم ہوں تو وہ ممبران کمپنی سے اجلاس میں حاضری کے لئے ویڈیو لنک کی سہولت کی فراہمی کی درخواست کر سکتے ہیں۔ کمپنی اس سہولت کے میسر ہونے کی صورت میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا بندوبست کرے گی۔
اگر آپ اس سہولت سے فائدہ اُٹھانا چاہتے ہیں تو درج ذیل فارم کو پُر کر کے کمپنی کے سالانہ اجلاس سے کم از کم سات (7) یوم پہلے کمپنی کے رجسٹرڈ پتہ پر ارسال کریں۔

"میں/ ہم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بحیثیت رُکن ابراہیم فائبرز لمیٹڈ، حصص دار۔۔۔۔۔۔۔۔عام حصص کے مطابق فولیو/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا/ کے خواہاں ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔"

کمپنی ممبران کو سالانہ اجلاس سے کم از کم پانچ (5) دن پہلے ویڈیو کانفرنس کے مقام اور اس میں رسائی کے لئے تمام معلومات سے آگاہ کردے گی۔